كَشفُ الحُبِ

معہ

صوفی خالد قادری

مُجرباتِ سُلیمانی

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf

ماشآء اللّٰہ لا قوۃ الا باللّٰہ

یہ کتاب عمدہ واسطے حب اور مجربات تحریر آزمودہ از تصانیف سید
پیر محمد شاہ صاحب بخاری سکنہ اوچ سید جلال حال وارد شاہ کوٹ

المسمی بہ

کشف الحب

۱۳۱۶ھ

معہ

مجربات سلیمانی

عمدہ اور سستی کتابیں ملنے کا پتہ

شیخ عطاء محمد اینڈ سنز تاجران کتب

کشمیری بازار لاہور

نوٹ:- یہ کتاب بنگال پیپر ملز کے کاغذ پر چھپی۔ جو کہ میسرز بنسی دھر گپتا نے کنٹرول ریٹ پر سپلائی کیا ہے

بار چہارم

تعداد ۱۰۰۰

قیمت ۰ — ۴ روپے

صوفی خالد قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین ○
والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد و آلہ اجمعین ○

الٰہی شکر تیرے احسان کا کہ تو نے ہمارے دل کو روشن اور زبان کو گویا کیا۔ اور لیے نبی مقبول کو خلق اللہ کے واسطے بھیجا کہ جس کی اونی شفاعت سے دونو جہان کی نعمت پادیں۔ پس درود اس نبی مختار اور اُس کی آل اطہار اور اصحاب کبار پر ہو جیو۔ کہ جس نے ہم کو اشرف المخلوقات بنایا اور اپنی رحمت میں داخل کر کے بشریت و انسانیت عطا فرمائی ✦

اما بعد کہ کتاب لاجواب یعنی کشف الحب معہ مجربات سلیمانی اس کا نام ہے۔ اور بڑی محنت و مشقت کیساتھ بنائی۔ تاکہ عوام کے واسطے فائدہ مند ہو۔ اس کتاب کو چھ فصلوں پر تیار کیا ہے اور دل میں یہ خیال آیا کہ عام لوگ ختم پڑھا کرتے ہیں اور واسطے فائدہ کے لوگ ختم کراتے ہیں اور اسمیں نقصان اُٹھاتے ہیں۔ اس میں یہ بات پائی جاتی ہے کہ ختم پڑھنے میں نقصان ہوتا ہے۔ کیونکہ جیسے بزرگان دین نے ارشاد فرمایا ہے اس طرح ختم پڑھا جائے۔ تو کیوں نقصان کا باعث ہو۔ اور جو کہ بزرگان دین نے ختم کے بارہ میں ارشاد کیا ہے۔ سو فصل اول میں کل ختموں کا حال بخوبی طرح تحریر ہے۔ اور فصل دوم میں علم مسمریزم کا کچھ حال بیان کیا ہے۔ فصل سوم میں تعویذات وغیرہ و اسمائے روحانی اور فصل چہارم میں علم کالا منتر وغیرہ اور فصل پنجم میں شجرہ سید تاد جدی شجو سید نورالدین یعنی شجرہ گنہگاراں اور فصل ششم میں ادویات کے بیان و نسخہ جات آزمودہ۔

فصل اول۔ طریقہ ختم۔ پہلے سرور کائنات پر ختم بھیجنے کا طریقہ۔ یہ یاد رہے کہ باوضو طہارت کے ساتھ ختم شروع کرے۔ اگر بغیر وضو کے ختم پڑھے گا۔ تو کچھ نقصان ہوگا۔ اول ایک سو بارہ دفعہ درود شریف پڑھے۔ اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد کما صلیت علیٰ ابراھیم و علیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید۔ آخر تک پڑھے (۲) پھر سات بار سورہ فاتحہ (۳) پھر سورہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اخلاص باراں سو بار (۳) پھر سورۃ یٰسین ایک بار (۴) پھر سورۃ فاتحہ سات بار۔ اور پھر درود شریف یکصد بار اس دفعہ بھی پڑھے۔ جو اوپر مذکور ہوا ہے۔ اور ارواح پاک جناب سرور کائنات خلاصہ موجودات جناب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچاوے۔ اگر نہ پہنچائے تو جناب کی خدمت میں یہ ختم خود بخود ہی پہونچ سکتا ہے۔ کیونکہ جب کوئی ختم پڑھنے بیٹھتا ہے تو درود شریف شروع کرتا ہے تو ملک حرف بحرف پر مقرر ہو جاتا ہے۔ اور فرشتے پہنچاتے جاتے ہیں۔ ورنہ اور جو بزرگان کا ختم ہوگا۔ اس میں ضرور پہونچانا پڑے گا۔ بطفیل جناب سرور کائنات کے کر کے پہونچانا۔

دوم طریقہ ختم حضرت علی علیہ السلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اول باراں بار درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اور امام المومنین یک صد باراں بار اور پھر سورۃ کوثر یکصد باراں بار۔ اور سورۃ فاتحہ باراں بار اور پھر سورۃ لایلف قریش یکصد باراں بار اور پھر یک صد باراں بار امام المسلمین جن وانس پھر درود شریف باراں بار اول کا جو اوپر مذکور ہو چکا ہے۔ ۳۔ طریقہ ختم حضرت امام حسن علیہ الصلوٰۃ والسلام اول درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ اور پھر سورۃ فاتحہ اکتالیس بار۔ اور پھر ایک بار سورۃ یٰسین اور پھر باراں بار صلوٰۃ یہ پڑھے ؎

درود بر محمد صلوٰۃ بر علیؑ۔ مسجد میں محمد میدان میں علیؑ۔ لولاک کے محمد۔ کل لشکر علیؑ۔

اور پھر یہ پڑھے۔ ایکبار سورۃ الرحمٰن اور باراں بار آیۃ الکرسی اور بعد اس کے یہ پڑھے۔ سورۃ فاتحہ اکتالیس بار۔ درود شریف جو اول ختم کے پڑھا تھا طریقہ امام حسینؑ سید الشہداء شہید کربلا مالک حوض کوثر کے ختم کا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سورۃ فاتحہ سات بار۔ اور پھر پانچ بار سورہ اخلاص۔ اور ایک بار سورۃ مزمل اور درود شریف پانچ سو بار۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ اور ایک بار سورۃ جن۔ اور پھر سورۃ اخلاص پانچ بار۔ اور پھر سورۃ فاتحہ سات بار۔ یاد رہے۔ کہ باوضو اور باطہارت پڑھے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طریقہ ختم حضرت زین العابدین علیہ السلام بن امام حسین علیہ السلام لقب سیدان جدی کا طریقہ اول درود شریف صلی اللہ علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ۔ اور پھر سورہ فاتحہ چودہ ۱۴ بار۔ اور بلا ۱۲ بار سورہ اخلاص۔ پانچ سو ۵۰۰ بار سورہ یٰسین۔ اور ایک بار سورہ الرحمٰن اور دوسری بار پھر سورہ یٰسین پانچ ۵ بار اور پھر سورہ اخلاص بارہ ۱۲ بار اور پھر چودہ ۱۴ بار سورہ فاتحہ اور درود شریف بارہ ۱۲ بار جو اوپر مذکور ہے اور اول بھی بارہ ۱۲ بار پڑھنا ہوگا۔

طریقہ حضرت بی بی فاطمۃ الزہراء خاتون جنت کے ختم کا۔ اول درود ہزارہ یک صد باراں بار۔ اور سورہ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ (آخر تک) پانچ ۵ بار۔ اور پھر بارہ ۱۲ بار الم نشرح اور پھر بارہ ۱۲ صد بار۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ اور پھر سورہ الم نشرح بارہ ۱۲ بار۔ اور پھر پانچ ۵ بار سورہ قدر۔ اور پھر وہی درود شریف یعنی درود ہزارہ یکصد ۱۱۰ باراں بار۔ بعد اس ختم شریف کے یہ دعا پڑھے۔ عَقَدْتُ حَلْقَ وَرَفَعَ کَرْبِیْ جَمِیْعَ اَعْدَاءِ غَالِبِیْ عَلٰی بَحْرٍ فِی السَّمَاءِ عِزَّتُکَ عِزَّتُکَ عِزَّتُکَ۔

طریقہ ختم عباس علمدار حضرت حسینؑ ابن علی علیہ السلام کا۔ اول درود شریف۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ ایک سو بارہ ۱۱۲ بار اور پھر یہ پڑھے۔ ؎

حل کر مشکل میری توں حیدر کا اسد ہے ۔۔۔ یا حضرتِ عباس علیؑ اب وقتِ مدد ہے

اور پھر یہ پڑھے۔ سورہ یٰسین ایک بار۔ اور پھر یہ پڑھے۔ یَا هَادِیْ۔ یَا نُوْرُ سات بار اور پھر یہ پڑھے۔ یک صد بار۔ تو مرد علمدار حسینؑ بن علیؑ ہیں۔ مقصود میرے دینے کو یا حضرت عباس علیؑ ہیں۔ اور پھر سورہ فاتحہ اکتالیس بار اور درود شریف اول کا یک صد باراں بار۔ اور یہ پڑھے۔ صلوٰۃ پڑھے جو کہ نیچے تحریر ہے۔ آسمان ستارہ صلوٰۃ۔ بروئے زمین شیرِ خدا را صلوٰۃ۔ در شہر کوفہ کفاراں لعنت۔ بمشہد امام رضا را صلوٰۃ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طریقہ جناب غوث صمدانی محبوب سبحانی حسنی و حسینی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ختم کا اول یہ سمجھنا چاہیئے۔ کہ جب تک کسی کو اسم شریف غوث الثقلین نہ آتے ہوں۔ تب تک اِس کا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ختم دینا روا نہیں ہے۔ کیونکہ گیارھویں اسی کا نام ہے۔ جو گیارہ اسم جانتا ہو۔ اور پہلے گیارہ اسم مبارک یہ ہیں :- یا شیخ محی الدین ۔ یا سید محی الدین ۔ یا غوث محی الدین ۔ یا قطب محی الدین ۔ یا ولی محی الدین ۔ یا درویش محی الدین ۔ یا مسکین محی الدین ۔ یا یتیم محی الدین ۔ یا محبوب محی الدین ۔ یا سلطان محی الدین ۔ یا ولی اللہ محی الدین ۔ قطب الاقطاب ۔

ختم کا طریقہ یہ ہے۔ اس طرح پڑھے۔ اول درود شریف۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ آخر تک پڑھے ۔ ایک سو بار ۔ اور پھر یا شیخ سید عبد القادر جیلانی علیہ المدد ایک سو گیارہ بار اور پھر خُذْ بِیَدِیْ شَیْئًا لِّلّٰہِ اور پھر یہ ۔ مشکلات بے عدو داریم ما ۔ شَیْئًا لِلّٰہِ شیخ حمزہ پیرما ۔ ایک سو گیارہ بار پڑھے ۔ اور پھر سورۃ الم نشرح مع تسمیہ یک صد اکتالیس بار اور پھر سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۔ اور پھر یَا ھَادِیُ یَا نُوْرُ ۔ ایک سو گیارہ بار ۔ اور پھر یَا ھَادِیُ یَا نُوْرُ ایک سو گیارہ بار ۔ اور پھر یہ پڑھے ۔ بگرداب بلا افتاد کشتی مدد کن یا معین الدین چشتی یک صد گیارہ بار اور پھر یہ پڑھے ۔ یَا بَاقِیْ اَنْتَ الْبَاقِیْ ایک سو گیارہ بار ۔ یا غوث اَغِثْنَا بِاِذْنِ اللّٰہِ یک صد گیارہ بار ۔ اور پھر اول کا درود شریف ایک سو گیارہ بار ۔ اور بعد اس کے یہ دعا عقدی و حاجتی و تربتی دفع جمیع اعدا ۔ فالبنی علی سحرنی فی السماء عِزَّتِکَ عِزَّتِکَ یہ تین بار پڑھے ۔ پر جب ختم پڑھنے لگے ۔ وضو طہارت کے ساتھ اور کچھ پلیدی یا نجس اپنے پاس نہ رکھے ۔ اگر رکھے گا ۔ تو کچھ نہ کچھ پڑھنے والے پر رجعت ہو گی ۔ اور پھر کشمش کے دانے بعدد یاد پختہ اور ان کو خوب صاف کر کے اور بہت مصفا کر کے ختم پڑھے ۔ اور جناب غوث الثقلین کے ارواح مبارک کو پہنچے ۔ اور اس کشمش کے دانوں میں سے خوشبو آئے گی ۔ اگر خوشبو نہ آئے ۔ یہ سمجھنا چاہیے کہ نیاز یعنی گیارھویں ہماری نامنظور ہوئی ہے اور جب ختم پڑھنا شروع کرے ۔ پہلے اپنے پاس صندل بورا ضرور دھکا دے ۔ جب تک ختم پڑھتا ہے ۔ تب تک صندل بورا دھکتا ہے ۔ اور ضرور یہ کام کرے ۔ اور ان عملوں میں یہ قید ضرور ہو ۔ کہ جوان کو پکا دے ۔ وہ شخص ضرور با طہارت ، پاکیزہ

صوفی خالد قادری
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaat

ہو۔ اور ساتھ دھو کے۔ اور جو لکڑی وغیرہ ہو۔ اسں کو دھو کر جلاوے۔ اور گندم وغیرہ
اسں کو بھی دھو کر پاک کر لیوے۔ اور اس میں اگر کچھ فرق رکھے گا۔ تو ضرور ختم دلوانے
والے پر رجعت پڑے گی۔ اور یہ یاد رہے۔ کہ اہلِ ہنود کے ہاتھ کی کوئی چیز نہ ہو۔ اور
دیگر حضرت عباسؓ علمدار کے ختم میں بھی ضرور یہ طریق ہونا چاہیئے۔ اور اہلِ ہنود کے
ہاتھ کی چیز پر بالکل ختم نہ پڑھنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ فرقہ بالکل ناپاک ہوتا ہے۔ اور
جس چیز میں اُن کا پانی ملا ہوا ہوتا ہے۔ وہ ہمارے نزدیک مطلق حرام ہے۔ دیگر جو
بھائی مسلمان ہو کر اہلِ ہنود کے ہاتھ کی کوئی چیز یا روٹی وغیرہ لے کر کھاتے ہیں۔ بالکل
اُن لوگوں کی بے عقلی کا کام ہے۔ دیکھو بھائی مسلمانو! کیسی آپ کی نادانی ہے۔
پرہیز تو اہلِ ہنود سے ہم نے کرنی تھی۔ بلکہ وہ اب ہم سے پرہیز کرتے ہیں۔
غور کر کے اپنے دل میں سمجھو۔ ورنہ عقلمند کو تو ایک اشارہ کافی ہے۔ فقط آگے
فصل دوسری کا حال تحریر کیا جاتا ہے۔

فصل دوم کے بیان میں۔ اسں میں کچھ علم مسمریزم کا تحریر کیا ہے۔ یہ علم مسمریزم
تین طریقوں سے حاصل ہوتا ہے۔ اوّل بذریعہ پاس کے۔ دوم بذریعہ نظر۔ سوم بذریعہ
سانس۔ بذریعہ کئی پاس کے۔ پاس کی کئی قسمیں ہیں۔ تفصیل یہ ہے۔ جیسے کہ چھوٹے
پاس جو جسم کے تھوڑے حصہ پر کسی جگہ کی جاوے۔ چھوٹی اُلٹی پاس جو جسم کے اوپر
نیچے سے اُوپر کو کی جاوے۔ عمل اُتارنے کے واسطے یہ پاس کئے جاتے ہیں۔ طویل پاس
جو تمام جسم پر کئے جاویں۔ یہ بھی بیماری اور خواب طاری کے واسطے کئے جاتے ہیں۔

اُلٹی طویل پاس۔ جو جسم کے نیچے سے اُوپر کو کریں۔ یعنی پاؤں سے سر کی جانب کو
کئے جاویں۔ ان پاسوں سے خواب مقناطیسی دور کی جاتی ہے۔ کشتی پاس۔ ان پاسوں کے
ذریعے سے کسی چیز کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔ دیگر دافع پاس۔ ان پاسوں کے ذریعے سے کسی اشیاء
کو ہٹا سکتے ہیں۔ طریقہ دوم بذریعہ نظر۔ ہم نظر کے ذریعے سے مریض پر یا اور شخص پر خواب
مقناطیسی طاری کر سکتے ہیں۔ اگر مریض پہ خواب طاری کیا۔ تو جس جگہ پر اسکی بیماری ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

وہاں پر پاس کر سکتے ہیں۔ اگر اور شخص پر خواب طاری کیا ہے۔ تو ہم چند منٹ کے بعد خواب دور کر کے دوسری اور خواب طاری کریں گے۔ اس کے کرنے سے اس کی قوت زیادہ ہوگی۔ اور اعلےٰ مراتب کی طرف چلا جاوے گا۔ خواب مقناطیسی طاری کرنے کا طریقہ معمول کو سامنے ایک کرسی پر بٹھلاؤ۔ اور آپ اُس کے سامنے کرسی پر بیٹھو۔ واضح رہے۔ کہ معمول کی پُشت شمال کی جانب۔ اور عامل کا منہ شمال کی جانب رہے۔ پھر اس کے دونوں ہاتھ طریقہ عاملوں مسمریزم کے پکڑے۔ یعنی اُس کا بایاں ہاتھ اپنے دائیں ہاتھ اور اُس کا دایاں اپنے بائیں ہاتھ میں پکڑے۔ اور انگوٹھا اُس کے ہاتھ کی پُشت پر رہے۔ پہلی اور دوسری انگلیاں اُس کی ہتھیلی پر سرِیں رگ پر رکھے۔ اور آنکھیں اس کی اپنی آنکھوں میں ملاوے۔ اور چپ چاپ بیٹھے۔ اور علیحدہ جگہ میں ہوویں۔ اور کوئی نزدیک شور و غل نہ ہووے۔ نصف گھنٹے کے بعد طویل پاس کر کے جواب گیری کر دیویں۔ بعض معمول کو تو پہلے ہی دن نیند آ جاتی ہے۔ اور بعضوں کو نیند بند ہو جاتی ہے۔ اور ہوش رہتی ہے۔ اور بعضوں کی آنکھیں بند ہو جاتی ہیں۔ اور نہ ہوش ہوتی ہے۔ اور کہتے ہیں ہم پر اثر نہیں ہوا۔ لیکن عامل کو چاہیے کہ ہراساں نہ ہووے۔ اس پر تھوڑا اثر ضرور ہوا ہوگا۔ دوسرے روز اس سے زیادہ ہوگا۔ بذریعہ سانس کے۔ سانس کے ذریعے سے بھی خواب مقناطیسی گری کی جاتی ہے۔ یعنی زیادہ جب خواب مقناطیس طاری ہووے تو معمول کی پیشانی پر آہستہ سے پھونک ماریں۔ اس سے اور بھی گہرا ہو جاوے گی۔ اور اگر سانس زور سے پھونک ماریں۔ تو اثر اُتر جاوے گا۔ فقط۔

فصل سوم تعویذات و اسماء رحمانی کے بیان میں۔ پہلے ابجد اربعہ عناصر پر لکھا جاتا ہے اور ابجد کا علیحدہ علیحدہ طریقہ۔ اس طریقہ کو چار قسموں میں بیان کیا ہے۔ اول طریقہ آتشی کا بیان کرتا ہوں کہ جس سے معلوم ہو سکے۔ فلانا حرف آتشی ہے۔ فلانا آبی و خاکی و ہوائی ہے۔

اول طریق حرف آتشی۔ ا ہ ط م ف ش ذ۔ اور طریقہ دوم حروف خاکی۔ ب و ی ن ص ت ض۔ طریقہ سوم حروف آبی۔ ج ز ک س ق ث ظ۔

۱۰۰۰ ۶۰۰ ۴ ۷۰ ۳۰ ۸ ۲۰۰ ۸۰۰ ۴۰۰ ۹۰ ۵۰ ۱۰

طریقہ چہارم ہوائی۔ د ح ل ع ر خ غ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بیان باراں بروج کا اور اُن کی خاصیت کا۔ اور اُن کی تاثیر کا۔ اور کون سا برج آتشی ہے اور کون سا برج خاکی ہے اور کونسا بادی ہے۔ کون سا آبی ہے اور برج یہ ہیں۔

١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢
جوز	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور
بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی

اور ستاروں کی منزلوں کے بیان میں۔ اور کون سا ستارہ ہے جو کس میں پہرہ اس کا ہوتا ہے اور ایک ستارہ ایک گھنٹہ تک پہرہ دیتا ہے۔ اور دن بدن بدلتا جاتا ہے۔ اور ایک ہفتہ تک بدل بدلکر پہرہ دیتے ہیں۔ اور اوّل پہرہ دن کے چھ بجے سے شروع ہوتا ہے۔ اور دوسرا پہرہ شام کے چھ بجے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ ستاروں کے پہروں کا احوال یہ ہے۔ پہرہ دن کے ستاروں کا

یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد
مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر
آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

پہرہ رات کے ستاروں کا

شمار نمبر	شب یکشنبہ	شب دوشنبہ	شب سہ شنبہ	شب چہارشنبہ	شب پنجشنبہ	شب جمعہ	شب شنبہ
۱	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
۲	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
۳	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
۴	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد
۵	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر
۶	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
۷	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
۸	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
۹	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
۱۰	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
۱۱	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد
۱۲	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر

حُبّ کے بیان میں طلسم مجربات آزمودہ ہے۔ اور یہ طلسمیں آتشی ہیں۔ اول شانہ گوسفند اس پہ لکھے۔ اور اس وقت آفتاب برج حمل میں ہو یا اسد یا قوس میں ہو۔ اور قمر برج آتشی میں ہو۔ یعنی قمر بھی برج حمل یا اسد یا قوس میں ہو۔ اور گوسفند برنگ سیاہ کا شانہ ہو۔ اور بوقت لکھنے بخورات جلاوے۔ یعنی جنس بوا یا مشک کافور ہو۔ اور اس شانہ کو چاہا میں دفن کرے اور ایسے نہ ہو۔ کہ شانہ جل جاوے۔ ورنہ کچھ اس کو گرمی آگ کی پہونچتی ہے۔ اگر مطلوب قلعہ آہن میں ہوگا۔ تو بھی ایک دفعہ حاضر ہوگا +

اور طلسم مجرب یہ ہے: ۱۱۸۱۱۱۹۱۰۱۲۷۵۸۱۸۱۱۲ ، ۱۱۵۸۱۸۲۲

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نیچے طلسم کے یہ لکھئے۔ الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔ یہ یاد رہے کہ الحب فلاں کی جگہ اپنا نام لکھئے علی حب فلاں کی جگہ مطلوب کا نام لکھئے۔ اور بن کی جگہ ماں اپنی کا نام لکھئے۔ اور مطلوب کی ماں کا نام لکھئے +

ایضاً۔ طلسم آتشی اوپر شانہ گوسفند کے لکھئے اور جو اول مذکور ہو چکا ہے۔ اور اس طلسم میں مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

طلسم یہ ہے:۔



الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں +

ایضاً اور یہ طلسم اوپر کاغذ کے لکھے اور فتیلہ بناوے۔ اور معشوق کے بال سر کے لے کر اوپر فتیلہ کے لپیٹے اور جلاوے۔ فتیلہ کا منہ جانب خانہ مطلوب کے ہو۔ اگر معشوق کے اوپر کے کپڑے کا ٹکڑا مل جاوے تو بہتر اور اس پر فتیلہ لکھ کر جلاوے تو فوراً جلدی حاضر ہوگا۔ ورنہ یہ معلوم رہے کہ اس وقت مجامعت نہ کرے۔ اور طلسم فتیلہ یہ ہے:۔

۱۲ ھ ۸۵ ط ۱۱ ۱۶ ۱۷ ۰۰۱ ح ۰ ط ۵ ۱۵ ۸ م م ۳ الحب فلاں بن فلاں ملے حب فلاں بن فلاں

ایضاً۔ اس طلسم کا چمڑا اسپ پر لکھئے۔ اور چمڑا بغل کا ہو۔ اور دیگدان کے نیچے یعنی چولہے میں دفن کرے اور محبوب بے قرار ہوگا۔ اور اس فتیلہ کو سات روز بلاناغہ یعنی ساتھ فتیلہ دفن کرے۔

اور طلسم یہ ہے

۱۹۱ ۷۷ ح ۱۱۱ ۱ط! ۱۱ ۱ ح ۱۱ ۱ و ۱۱ ع ۸ ۷ ام ۸ ۱۱ ۹

الحب فلاں بن فلاں ملے حب فلاں بن فلاں

دیگر۔ یہ تعویذ حب کے اسم کا ہے۔ اور یہ چاروں نقش چار طرح پر۔

آتشی ۷۸۶   بادی ۷۸۶   آبی ۷۸۶   خاکی ۷۸۶

۴	۹	۲	۶	۷	۲	۳	۸	۷	۸	۱	۶
۳	۵	۷	۱	۵	۹	۱	۶	۲	۳	۵	۷
۸	۱	۶	۸	۳	۴	۵	۴	۹	۴	۹	۲

یہ نقش مشرق کی طرف طرف مغرب کی قمر کا طرف شمال کی آدم کا طرف جنوب کی سرطان کا

نوعِ دیگر۔ ان نقش کو خشت خام پہ لکھئے۔ ساتھ چھری کے اور خشت کو چاہ میں ڈال دیوے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اور جیوں جیوں خشت گلے گی تیوں تیوں دشمن بیمار ہوتا جاوے گا۔ بلا ناغہ سات روز تک کرنا ساتویں روز کو بیمار ہلاک یعنی دشمن ہلاک ہو جاوے گا۔ اور نقش یہ ہے ؎۔



اس جگہ کہ فلاں بن فلاں کو خراب کردو۔ **ایضاً**۔ یہ نقش واسطے حب کے مجرب ہے۔ یہ نقش مودت اخلاص کا ہے۔ اور جب اس کو کوئی صاحب لکھنا چاہے۔ تو چار تعویذ لکھ کر تیار کرے۔ ایک درخت انار کے ساتھ لٹکا دے۔ دوسرا صحرا میں دفن کرے۔ تیسرا آرد میں گولی بنا کر بوقت صبح کے دریا میں ایسی جگہ ڈالے۔ اور چوتھے کو بطور فتیلہ کے بنا کر روشن کرے۔ منہ فتیلہ کا بجانب مطلوب کی طرف ہو۔ اور اس نقش کو جب لکھے۔ وقت زہرہ و شمس ع رہوت ہو۔ اگر یہ نہ کریگا۔ کچھ بات ٹھیک نہ ہو گی۔

نقش مکرم یہ ہے ......

۷۸۶

۱۳	۳۶	۱۱	۱۳۰
۴۴	۷۰	۱۲۴	۳۶
۷۴	۲۴	۱۶	۷۴
۱۳	۱۰۶	۳۵	۸۰

نوع دیگر۔ برائے تیغ بندی و بندوق و نیزہ و تیر۔ اگر اس کو لکھنا چاہے۔ تو بوقت عطارد کے اور شمس در عقرب ہو۔ جب کسی دشمن سے مقابلہ ہو۔ تو اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کچھ زخم بدن پر نہ آئے گا۔ اور نقش یہ ہے۔

نوع دیگر۔ برائے حمل جو نطفہ قرار پکڑ کر خارج ہو جاتا ہے۔ اور اس نقش معظم کو لکھ کر بوقت جماع کے۔ اور ورنہ مجامعت سے پہلے چند منٹ یہ تعویذ اپنی عورت کو کھلا دے۔ بعد اس کے مجامعت میں مشغول ہو۔

۷۸۶

۱۰۱	۱۰۱	۵۳۵	۵۲
۵۳۵	۵۰	۵۰	۵۳۵
۵۰	۵۳۵	۵۳۵	۵۰
۵۳۵	۵۰	۵۰	۵۳۵
۵۲	۵۳۵	۱۰۱	۱۰۱

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

انشاءاللہ تعالیٰ یہ عارضہ رفع ہو جاوے گا۔ اور بعض بیر یا جمعہ لکھے اور لکھنے کیوقت باطہارت ہو اور سفید
دمنو کر کے لکھے۔ اور چالیس ماہ بلاناغہ کھلاوے اور عورت پاک
صاف ہو جب تعویذ عورت کو کھلاوے۔ نقش مکرم یہ ہے……

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا محمد	یا محمد	یا محمد	یا محمد	یا محمد
یا علیؑ	یا علیؑ	یا علیؑ	یا علیؑ	یا علیؑ
یا حسنؑ	یا حسنؑ	یا حسنؑ	یا حسنؑ	یا حسنؑ
یا حسینؑ	یا حسینؑ	یا حسینؑ	یا حسینؑ	یا حسینؑ

ایضاً نوعدیگر۔ جو کوئی شخص اس نقش کو لکھ کر لڑکی یا
لڑکے کے گلے میں ڈالے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ نظر بد سے محفوظ
رہے گا۔ اور نقش مکرم و معظم مجرب آزمودہ ہے……

٧٨٦

١١٨	٢٠٢	٥٥٧	٩٠	١٢٠
١٥٧	٤٧١	٣٦٠	٦٥٠	٣٦٤
٥١٦	١٥٠	٣٠٥٨	١٥٥	٢٠٦
٨٩٠	١٢	١٣٧	٢٩٨	٢٤٨

نوعدیگر برائے ہلاکی دشمن۔ اول ایک پتلا آرد گندم کا
بناوے۔ بعد اس کے یہ تعویذ لکھ کر اپنے پاس موجود رکھے۔ جب پتلا
تیار ہو جاویگا پھر اس تعویذ کو مقام ناف میں لگادے اور عامل اپنے
ہاتھ میں تیر کمان لیکر بیٹھے اور جب چاند گرہن ہو یا سورج گرہن ہو
یا نوروز امامیہ یعنی اہل شیعہ کا۔ تب عامل اُسوقت تیر کمان ہاتھ میں
لیکر بیٹھے یکبار جو تعویذ میں لکھا ہے پڑھے۔ اور پڑھکر تیر پر دم
کرے اور تیر لوہے کا ہو اور جس جگہ دشمن کا نام ہو اس جگہ نشانہ کرے
اور نقش معظم یہ ہے……

٧٨٦

[illegible]	صفوان	[illegible]	[illegible]	[illegible]
صدی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	جب
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	جب
[illegible]	جب	[illegible]	[illegible]	صدی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	جب	[illegible]

ایضاً۔ برائے خرابی دشمن کے جس وقت قمر ہمراہ مریخ اتصال
سعود رکھتا ہو۔ اور اوپر تختی تانبا یا نقرہ کے کندہ کرے اوپر نام
دشمن اور اس کی والدہ کا۔ اور اپنا نام اور اپنی والدہ کا کندہ کرے
اور تختی کو زیر سنگ دبا کر رکھے اور اس وقت بخورات چاہیے وہ جلاوے
اور عامل کو چاہیے۔ کہ روزہ ایک دن اول رکھ کر لکھے۔
اور کوئی بدبودار چیز نہ کھاوے۔

٧٨٦

٥	١٠	١٥	٤
١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩

نقش مکرم یہ ہے……
نوعدیگر۔ برائے حب اور کپڑا مطلوب کے پہنے ہوئے سے
پر

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کچھ ٹکڑا لاوے۔ اور اس ٹکڑا پارچہ پر اس فتیلہ کو لکھے اور زیر نام محبوب اور مادر محبوب کا نام اور اپنی
مادر کا نام اور اپنا نام لکھے۔ ایک عدد چراغ کورا میں روغن چنبیلی ڈال کر فتیلہ کو جلاوے اور منہ چراغ
طرف خانہ مطلوب ہو۔ تین یوم تک فتیلہ روشن کرے۔ اور مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا فتیلہ مجرب
ہے۔ فتیلہ اول روز کا یہ ہے۔ ۱۱۱ للم فتیلہ دوسرا ۲۶۱ ۱۱۱ فتیلہ تیسرا ۵ بلم
ایضاً۔ اگر کوئی چاہے۔ کہ دو آدمیوں کے درمیان جدائی کرنا چاہے۔ تو اُس شخص کو یعنی طلسم کو کاغذ
پر لکھ کر اس شخص کے گھر میں اس نقش کو دفن کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جدائی ایسی پڑے گی کہ ایک
دوسرے کا مکھ بکھیانہ چاہے گا +
نقش مترم یہ ہے:۔

١١١٤١	١١٨	١١ع٥	٨
دو٦ ی	موقع	جسوس	سفر
١٠ع١١١٧	١١١ ١٢	٥ع٩	٣١١٨٨

فالنامہ جناب امیر المومنین اسد اللہ الغالب مطلوب کل طالب حضرت امام علی صلوٰۃ علیہ

اِس فالنامہ کا بخوبی حال بیان ہے۔ اور اول فال کھولنے والے کو یہ ضروری امر ہے۔ کہ
پہلے وضو کرے۔ اور بعد اس کے سورۂ فاتحہ پڑھ کر حضرت سرور کائنات صلعم کے ارواح مبارک
کو پہونچاویں۔ اور بعد اس کے فالنامہ کو کھول کر سائل کی انگشت ان پر رکھوائے۔ اور جس خانہ پر
انگشت پڑے اس نام کی عبارت کو پڑھ کر جواب دیوے۔ اگر کوئی مشکل یا مہم درپیش ہو اِس
فالنامہ سے دریافت کر لیوے۔ اور صدق دل سے انگشت شہادت رکھے۔ اور یہ یاد رہے۔ کہ
سائل سے پانچ پیسہ کی کچھ شیرینی منگا کر حضرت سرور کائنات صلعم کے نام پر ختم دیوے +

حضرت آدم علیہ السلام	حضرت شیث علیہ السلام	حضرت ادریس علیہ السلام
حضرت صالح علیہ السلام	حضرت ابراہیم علیہ السلام	حضرت اسمٰعیل علیہ السلام
حضرت یعقوب علیہ السلام	حضرت یوسف علیہ السلام	حضرت شعیب علیہ السلام
حضرت ایوب علیہ السلام	حضرت خضر علیہ السلام	حضرت داؤد علیہ السلام
حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے صاحب فال جان کہ یہ فال حضرت آدم علیہ السلام کے نام آئی اور جو تیرے دل میں نیت ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اچھی بات کی۔ اس نیت سے خوشی ہو۔ تو مراد دلی بر آوے۔ الزام سے بری ہو اور محبوس رہائی پاوے۔ اور سلاطین سے رتبہ پاوے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ

حضرت شیث علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت شیث علیہ السلام کے نام آئی۔ رنجش اور خصومت پیدا ہو۔ اگر نیت سفر کی ہے۔ تو چند یوم تامل کر۔ اور جو مقصود ہو۔ بغیر جستجو سے حاصل نہ ہوگا۔ اور کچھہ صدقہ یعنی چاندی یا چاول صدقہ دیوے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ۔

حضرت ادریس علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت ادریس علیہ السلام کے نام پر آئی۔ اور جو تم نے نیت کی اس نیت سے تم کو فائدہ پہونچے گا۔ اور خوشی و عیش و عشرت حاصل ہوگی۔ اگر نیت تیری سفر کی ہے۔ تو جا اور مبارک ہوگا۔ اور اگر نیت تیری تجارت کی ہے۔ تو نفع اٹھائے گا۔ اگر سفر جانا ہو۔ تو دو نفل شکرانہ پڑھ کر جاوے کہہ انشاء اللہ تعالےٰ۔

حضرت صالح علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت صالح علیہ السلام کے نام پر آئی ہے۔ جس نیت کیلئے یہ فال آئی ہے۔ چند یوم کو بر آوے گی۔ اور صبر کرنا اس نیت پر بہتر اور صبر کرنے سے اجر ملتا ہے۔ اور جلدی نہ کر جلدی کرنے سے ذلت و خواری حاصل ہوگی۔ اور اس میں کچھ خطرہ ہے۔ اور کچھہ نقصان ہوگا۔ اور بروز شب جمعرات کو کسی فقیر کو شکر و آرد صدقہ دیوے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ

حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ فال تیری حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ اور جو تیری نیت ہے۔ وہ بر آوے گی اور مراد دلی حاصل ہوگی۔ اور سفر و تجارت میں فائدہ ہو۔ اور نیت فال نیک ہے۔ اور نماز میں کاہلی نہ کر عبادت کرنے سے فائدہ ہوگا۔ اور کہہ انشاء اللہ تعالےٰ

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ صبر کرنے سے بہت فائدہ ہوگا۔ اور اس نیت سے باز رہے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اور چند یوم تامل کرنے پر مدعا بر آوے۔ اور ایک جانور یعنی مرغ یک رنگ بروز شنبہ کو اپنے اوپر سے تصدق کرے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ +

حضرت یعقوب علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال! جان کہ یہ فال حضرت یعقوب علیہ السلام کے نام آئی۔ اور جو نیت تیرے دل میں ہے۔ وہ تھوڑے عرصے کے بعد حاصل ہوگی۔ اور انجام بخیر ہو۔ اور مراد دلی بر آوے۔ اور ۱۳ روز تک صبر کرے۔ اور ایک مدت اوپر جان تیری کے ہے۔ اور انجام اس کا بخیر ہو۔ اور معشوق دلی چند یوم کے بعد ملے گا۔ صدقہ ماش و تیل کا فقیر کو دیوے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ +

حضرت یوسف علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت یوسف علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ اس پر کہ اس نیت میں تم کو بہت خوشی حاصل ہوگی۔ اور امام فخرالدین رازی فرماتے ہیں۔ کہ صاحبِ فال کو چاہیئے۔ کہ اس نیت سے درگذر نہ کرے۔ کہ جلدی مراد حاصل ہوگی۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ +

حضرت شعیب علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت شعیب علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ شقاوت پر اس کی دلالت ہے۔ اور تنگی اور پریشانی اور سرگردانی پر تمکو اشارت ہے۔ اس فال میں جو نیت تیرے دل میں ہے اس سے باز رہو۔ کیونکہ آخر نتیجہ اس کا پشیمانی ہے۔ اور جس کے ساتھ دوستی کرتے ہو۔ وہ دشمنِ جان ہو جاتا ہے۔ تین دن تک اپنی زبان کو روک رکھ تا دلگیری تیری کا باعث نہ ہو جاوے اور خدا پر توکل رکھ۔ تا نفعہ تیرا حاصل ہو۔ اور امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ صاحبِ فال کو چاہیئے۔ کہ اندیشوں سے توبہ کرے تا بلاؤں اور خونوں سے بیخوف ہوئے اگر کوئی آدمی تیرا بیمار ہے۔ اُس کو خطرہ بہت ہے۔ حسب مقدور صدقہ دیوے تا شفا پاوے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ +

حضرت ایوب علیہ السلام۔ اے صاحب فال جان کہ یہ فال حضرت ایوب علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ اور جو مراد دلی ہو وہ بر آوے گی۔ انجام نیک ہوگا۔ اور نماز میں سستی نہ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کر۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ✦

حضرت خضر علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان۔ کہ یہ فال حضرت خضر علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ ستارہ عطارد سے تعلق رکھتی ہے۔ سخاوت کا ہاتھ کشادہ رکھ اور صدقہ حسب مقدور دے۔ تا حال بخیر گذرے۔ اور فائدہ تم کو پہونچے اور فکر و اندیشہ کو دل میں راہ نہ دینا چاہیئے۔ کیونکہ اب نحوست دفع ہو جاوے گی۔ اور جو نیت تیرے دل میں آئی ہے۔ تیس روز کے بعد تمکو اس کی خبر ملیگی۔ اور چہارشنبہ کے دن اپنے رازِ دل پر آگاہی ہوگی اور توکل بخدا رہنا اچھا ہے۔ تا تمام کام بخوبی انجام اور تمام ہو جاویں۔ اگر پچیس روز میں تیرا غائب نہ آوے گا۔ تو اس کا آنا از حد دشوار ہے۔ سفر کرنا۔ نکاح کرنا اور ناطہ کرنا فی الحال نیک نہیں ہے۔ اور بھید دل کسی سے مت کہہ تا موجب ضرر کا نہ ہو جاوے۔ بذکر حق قیام کرنا جملہ مراد حصول ہو۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ✦

حضرت داؤد علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت داؤد علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ اور جس کام کی تیرے دل میں طلب ہے۔ اس کے درپے ہو۔ مبارک ہوگا اور ہرگز ہاتھ اس کام سے مت رکھ بخوبی انجام ہوگا۔ اور بادشاہان اور بزرگان اور امیران تم پر مہربان ہونگے۔ اور روز بروز عمر اور دولت تیری بڑھے گی۔ اگر بیمار ہے شفا پاوے گا۔ اگر سفر کا تم کو قصد ہے چلا جا۔ کہ خالی از فائدہ نہیں ہے۔ اگر خرید و فروخت یا پیوند کی نیت ہے۔ تو کر لے بہت مبارک ہے۔ دل کا راز کسی سے نہ کہہ کہ منفعت نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص تیرا غائب ہے وہ بھی آجاوے گا۔ اگر کچھ گم ہوا ہے وہ بھی مل جاوے گا۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ✦

حضرت سلیمان علیہ السلام۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت سلیمان علیہ السلام کے نام آئی ہے۔ جو نیت تیرے دل میں آئی ہے۔ وہ جلد بر آوے گی۔ اور بہت فائدہ اُٹھاوے۔ مگر شنبہ کو کچھ شیرینی اور ایک انگوٹھی اور ایک سوا گز کپڑا سبز رنگ کا اور یہ اشیاء ایک تھال میں رکھ کر صبح ابن یل علی الصبح جو فقیر آوے اُس کو خوب پیٹ بھر کر کھانا کھلا کر یہ تھال اور کل وہ چیزیں اس کو دیدے۔ کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ✦

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۔ اے صاحبِ فال جان کہ یہ فال حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام آئی ہے ۔ جان کہ جو نیت تیرے دل میں آئی ہے ۔ چند یوم تک صبر کرنے سے حاصل ہوگی ۔ کہ انشاء اللہ تعالےٰ +

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ اے صاحبِ فال جان ! کہ یہ فال حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آئی ہے ۔ جان جو کہ نہایت صاحبِ قسمت ہے ۔ ایسے نبی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فال بہت نیک ہے ۔ اور تو بخوبی آسودہ حال ہوگا ۔ اور خوشی دیکھے گا ۔ اور سب بات کا اندیشہ و فکر دُور ہوگا ۔ اور ذات کبریا سے اپنی مراد دلی پائے گا ۔ اور اپنے مقصود کو پہنچے گا ۔ کہ انشاء اللہ تعالےٰ +

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

چہل کاف کا طریقہ باموکل

کَفَاکَ رَبُّکَ یَا خَتْنَائِیْلُ ۔ کَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَۃً یَا ذُوْ لَائِیْلُ کُفْکُفْہَا گَکَمِیْنٍ یَا جِبْرَائِیْلُ ۔ کَانَ مِنْ کِکَا یَا کَنْکَائِیْلُ ۔ تَکُنْ کَرًّا یَا مِیْکَائِیْلُ ۔ کَکَرَّ الْکَرِّ اَلْکَکُوْ یَا نِعْمَائِیْلُ ۔ فِیْ کَبَدٍ یَحْکِیْ مُشْکُشْکَۃٍ یَا سَمْکَائِیْلُ ۔ کَکَّ یَحْکُکَا یَا ہَمْرَائِیْلُ ۔ کَفَاکَ مَا بِیْ کَفَانِیْ اَلْکَافُ کُرُبَۃً یَا عِزْرَائِیْلُ ۔ یَا کَوْکَبُ کَانَ یَا لَائِیْلُ ۔ تَحْکِیْ یَا کَوْکِیْلُ فَلَکَکَ یَا مِیْکَائِیْلُ ؕ

اور ان چہل کاف کو با طہارت و باوضو چالیس دن تک ہر روز یک صد اکتالیس بار بلا ناغہ پڑھے ۔ اور ترک حیوانات جلالی و جمالی کی کرے ۔ اور جب اس چہل کاف کا چلہ پورا کرے گا تو انشاء اللہ تعالےٰ نو چیزیں حاصل ہوں گی ۔ اول تو آسیب والے پر دم کرے گا تو آسیب والا شفا پائے گا ۔ دوم جس کے گھر میں اولاد نہ ہو ۔ تو اس بانجھ عورت کو پانی دم کر کے اکتالیس روز بلا ناغہ پلائے گا ۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ اس کے گھر اولاد صالح پیدا ہوگی ۔ سوم جنات کو اصل صورت پر ملاقات کرے گا ۔ چہارم اگر ڈائن نے غلبہ کیا ہو گا یعنی شخص جو کہ کانجہ نکال لیتی ہے ۔ وہ بھی

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

حاضر ہو جائے گی۔ اور جو چاہے اُس کے ساتھ کرے۔ پنجم برائے حُب کے یعنی کسی وجہکی شیرینی دم کر کے کھلا دے گا۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ معشوق فریفتہ ہو کر حاضر ہوگا۔ ششم واسطے بغض کے نہایت مجرب ہے۔ اور فلفل سیاہ میں جو فلفل سفید ہوتی ہے۔ وہ لے کر اس پر دم کرے یعنی تین سو فلفل سفید ہونی چاہیئے۔ اور ہر روز بلا ناغہ پانچ عدد بوقت طلوع آفتاب کے جلاوے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہوگا۔ اور ہفتم اس چہل کاف کے ذریعے بزرگان دین کی خواب میں زیارت ہوگی۔ ہشتم۔ اگر کسی بیمار کا حال دریافت کرنا چاہے۔ کہ اس بیماری سے صحت یاب ہوگا۔ یا نہیں۔ اور چہل کاف کو لکھ کر ایک کاغذ پر آبِ رواں میں چھوڑے اگر وہ کاغذ ڈوب گیا۔ تو یہ جان کہ بیمار مر جائے گا۔ اگر پانی پر تیرتا پھرے تو بیمار جلد شفا پاوے گا۔ اور اگر کاغذ آدھا ڈوب جائے گا۔ اور آدھا نہ ڈوبے گا۔ تو یہ جان کہ بیمار مدت تک بیماری میں مبتلا رہے گا۔ اور یہ یاد رہے کہ بیمار کا نام کاغذ پر اور اُس کی بیماری کا نام ضرور درج کرے۔ نہم خداوند کریم اُس کی روزی میں برکت دے گا۔ اور زبان میں تاثیر ہوگی +

جدول دوانگی سفر

رفتن سفر	مشرق	غرب	جنوب	شمال
جمعہ	سعد	نحس	نحس	سعد
شنبہ	نحس	سعد	سعد	نحس
یک شنبہ	سعد	نحس	نحس	سعد
دوشنبہ	نحس	سعد	سعد	نحس
سہ شنبہ	سعد	نحس	نحس	سعد
چہارشنبہ	نحس	سعد	سعد	نحس
پنجشنبہ	سعد	نحس	نحس	سعد

اگر کسی بزرگ کی زیارت کرنی چاہے تو یہ آیت کریمہ ہر روز پانچ سو بار پڑھے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

یوم تک پڑھے ۔ ایک جگہ پر اور آیت کریمہ زبان سے پڑھتا جاوے اور ایک ہاتھ سے اشارہ کرتا جاوے ۔ اور ایک ہاتھ تسبیح سے شمار کرتا جاوے ۔ اور اگر جناب محبوب سبحانی غوث صمدانی کی زیارت کرنی چاہیے تو منہ طرف قطب کے کرے ۔ اگر کسی اور بزرگ کی زیارت کرنی چاہیے تو خیال میں اُس بزرگ کو رکھے ۔ انشاءاللہ تعالےٰ زیارت ظاہری حاصل ہوگی اور آیت کریمہ یہ ہے ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ برائے عداوت یہ عمل چاہیے یعنی یہ آیۃ شریفہ پڑھے وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۵ اور اس آیت کے ساتھ سورۃ تبت جوڑے یعنی ملا کر پڑھے ۔ اور جو اخیر کا الفاظ اِذَا حَسَدَ اور اکتالیس بار اس آیت شریفہ کو پڑھے ۔ اور سات یوم تک بلاناغہ پڑھے ۔ بعد نماز عشاء کے اور یہ آیت عمل میں آوے گی ۔ اگر دو شخصوں میں جدائی کرانی یا کرنی ہو تو ان شخصوں کے گھر کی مٹی لاوے ۔ اور اُس مٹی پر دم کرے ۔ اور اس مٹی کے تین حصے کر لیوے اور ایک حصہ ان شخصیں کے گھر مٹی کا پھینک دیوے ۔ اور ایک حصہ کو تنور میں پھینک دیوے ۔ جب تنور میں پھینک دے کہ خوب آگ کا شعلہ اُٹھے ۔ اور ایک حصہ کو پانی چلتے یعنی بہتے میں پھینکے ۔ انشاءاللہ تعالےٰ دو شخصوں میں خوب عداوت ہوگی ۔ آزمودہ ہے ۔

دیگر ۔ اسم شریف کو جو درا ہے میں کھڑا ہو کر پڑھے ۔ اور پیٹھ طرف مغرب کی ہو ۔ اور ایک ہاتھ میں کان سر یعنے کانا تیار رکھے ۔ اور ایک ہاتھ میں چاقو ۔ اور جب یہ اسم ایکدفعہ پڑھ چکے تو کانا پر دم کر کے چاقو سے کانا کو قلم کر دیوے ۔ اسی طرح تمام کرے ۔ علےٰ ہٰذا القیاس ہر روز اکتالیس کانا کی قلم کرے ۔ اگر ایک کان سر ختم ہو جاوے ۔ تو دوسرا کانا لے لیوے ۔ جس جگہ دشمن کا نام ہے ۔ یا حروف ہے ۔ اس جگہ اپنے دشمن کا نام لیوے اور دم کرے ۔ اور یہ یاد رہے ۔ پہلے عمل کرنے لگے تب بوقت باراں بجے دن کے کرے اور باراں بجے رات کے کرے ۔ اور ترک بو دار چیز کی کرے ۔ دیگر یہ اسم شریفہ ہے ۔ حضرت معروف کرخی ۔ روہو آف چرخی ۔ بیخ دشمن کی گواڈ ۔ دے زخم تلوار دا ۔ جس جگہ نام یعنی لفظ بیخ کا لکھی ہے اسجگہ نام اپنے دشمن کا لیوے ۔ اور عمل میں لاوے اور طریقہ عمل معائنہ تمر بہر ماہ و سال نہایت مبارک ہے ✦

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaat

اوّل ماہ محرم کے چاند میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ جو مبارک ہو۔ یعنی زر یعنے سونا۔ دوسرے ماہ میں یعنی صفر میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ آئینہ۔ ماہ تیسرا ربیع الاوّل میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ آب رواں۔ ماہ چہارم ربیع الثانی میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ برکا۔ ماہ پنجم جمادی الاوّل میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ چاندی کا۔ ماہ ششم جمادی الثانی میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ پیر بزرگ کا۔ ہفتم ماہ رجب میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ قرآن شریف کا۔ ماہ ہشتم شعبان میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ ماہ نہم رمضان المبارک میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ شمشیر کا۔ ماہ دہم شوال میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ جامہ یعنی لباس سبز کا۔ ماہ یازدہم ذیقعد میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ کودک یعنی لڑکا۔ ماہ دوازدہم ذوالحجہ میں کیا دیکھنا چاہیئے۔ دختر یعنے لڑکی ✤

دم جس کو ہلکا سگ کاٹے

کسی چیز پر دم کرکے جس کو ہلکا کتا نے کاٹا ہو۔ کھلاوے اور دم یہ ہے۔ یا حشان یاشان یا دیان یا بُرہان۔ یا سلطان۔ یا سبحان آل آمان آل ہامان بستم چشم وگوش وہوش اِنَّهٗ سُلَیْمَانَ وَاِنَّمَا سُلَیْمٰنُ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُو الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ۔ اور اگر چاہے کہ عمل میں آجاوے تو اوّل باوضو باطہارت آیت واسم کو چالیس روز تک ایک سو باراں بار بلاناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ عمل میں آجاوے گی ✤

دیگر نسخہ دردسر کے دم کا طریقہ۔ اول سورۃ کوثر کو تعویذ کے اوپر لکھے۔ اور چاہے تو دم کرے تمام سورۃ پڑھکر۔ اور تعویذ یہ ہے :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

بحق یا [illegible]

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

بحق یا سلیمان

نام فلاں جس کے سر میں درد ہوتا ہو

بحق یا ابراہیم

آگ کے کھولنے کی ترکیب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ جیسے بادشاہ۔ محمدؐ جیسے وزیر۔ حضرت خواجہ حضرت جیسے ولبند دستگیر جیسے پیر۔ بت کھلے دوکان کھلے۔ چار کوٹ کا راہ کھلے۔ دوہائی حضرت خضر دی۔ دوہائی حضرت الیاس ۔۱۰۔ بار پانی پر پڑھکر دم کرے اور جو چیز بند ہو کھل جاویگی۔ اور پانی کو اس چیز پر چھڑکے کھل جاویگی ✦

دم واسطے سانپ کاٹنے کا

اول نام خدائی کا۔ دویا نام رسولؐ۔ تریا نام پنجتن پاک کا۔ چوتھا حضرت شاہ پیر کا بخشیا تیرے کہ اپہرے نوہ ماندی ترے۔ زہر خاک میں پڑے۔ دت چڑھے۔ کم سوجو اللہ محمدؐ کرے۔ یا اللہ یا محمدؐ۔ یا نبیؐ۔ یا رسولؐ۔ اور جب دم کرنے لگے کپڑے اپنے کو پیچ یعنے روٹ) دینا جاوے۔ اور دم کرکے کپڑے کو جھاڑ دیوے۔ اور اس طرح چالیس بار کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ زہر نہ چڑھے گا۔

ایضاً۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ط مومن کیوں کاٹا ہے۔ کاٹا مر جائے گا۔ بن کاٹنے کو پانی دے۔ کاٹا اتر جائے گا۔ گرجا کا بادل گرجی۔ اس دعا کو پڑھ کر دم کرے اپنے ہاتھ پر پھونک مارے اور جو آن کر کہے۔ کہ فلاں شخص کو سانپ نے کاٹا ہے۔ تو جس ہاتھ پر دم کیا ہے۔ کہنے والے کے منہ پر ایک چپیڑ یعنی دھپڑ مارے۔ تو سانپ کے کٹے کو آرام ہو جائے گا۔ اگر جس کو سانپ نے کاٹا ہو۔ وہ نزدیک ہو۔ تو جا کر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ زہر نہ چڑھے گا ✦

دم واسطے بچھو

اگر بچھو نے کسی کو ڈنگ مارا ہو۔ تو سورۃ الم نشرح کو تک ذکرک تک پڑھے۔ اور بے بسم اللہ بغیر تسمیہ کے پڑھے۔ اور اگر تمام سورۃ پڑھے گا۔ تو زہر زیادہ چڑھے گا۔ اور اگر

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

تسمیہ کے ساتھ پڑھے گا۔ تو زہر جس جگہ پر ہو گا۔ وہاں رک جاوے گا۔ اور دم کے وقت اپنے کپڑے کے کونے کو پیچ یعنی (وٹ) دیوے۔ ایک دفعہ پڑھ لیوے پھر کپڑا جھاڑ دیوے۔ اور جس کو بچھو نے ڈنگ مارا ہو اس کو کہے۔ کہ اپنی انگلی اوپر ڈنگ کے رکھے۔ اور آپ دم کرنا شروع کرے۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ سات مرتبہ تک پہونچے گا۔ کہ شفا ہوگی +

طریقہ ہفت کاف

یہ طریقہ جناب محبوب سبحانی غوث ہمدانی قدس سرہٗ سے جاری ہے۔ واسطے آسیب رجاؤ لونگا۔ اگر کسی صاحب عامل کے سامنے مؤکل حاضر ہوں تو کسی طرح کا ضرر چاہیں۔ تو اس اسم کو پڑھ کر ان مؤکلوں کی طرف دم کرے وہ جل جائیں گے۔ پہلے یہ رُباعی پڑھے ؎

عشق جس کو کہتے ہیں ہمارا ہی نام ہے ۔۔۔ شور و فغاں کی اپنے یہاں دھوم دھام ہے
گر پھونک دوں جہاں کو تو کچھ عجب نہیں ۔۔۔ میں آگ بھبوکہ ہوں جلانا میرا کام ہے

...... اور ہفت کاف یہ ہیں۔ اَللّٰھُمَّ کَافِی کَسَسْتَ اَلْکَافِیْ وَجَتْ اَلْکَافِ فَکُلّ اَلْکَافِیْ کَفَانِیْ اَلْکَافِیْ نِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط

دم کیڑا جو دانتوں کو کھاتا ہے

کالا کیڑا گوجراتی دند خوراک۔ برکت شیخ فرید کی وچے وچ مردار۔ اوّل درد والا کو کہے۔ کہ جس دانت کو درد ہوتا ہے۔ اس دانت پر اپنی دا ہنے ہاتھ کی انگشت رکھو۔ جب وہ انگلی اس جگہ رکھ لیوے۔ دم مذکور کو پڑھنا شروع کرے۔ اور عامل اپنے اوپر کی چادر کے ایک کونے کو پیچ یعنی (وٹ) دینا شروع کرے۔ ایک دفعہ سے لیکر تین دم مذکور پڑھے۔ اور جب تین دفعہ پڑھ چکے تب اپنے کپڑے کا پیچ کھول دیوے۔ اور جب تک درد بند نہ ہو۔ تب تک اسی طرح کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ تین دفعہ کرنے سے درد بند ہو جاوے گا۔ اور کیڑا مر جائے گا +

ایضاً برائے دردِ دنداں:۔ اوّل عامل تین عدد کیلیں منگوا کر پیچھے جو تعویذ لکھا جاتا ہے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اس میں اول جگہ پر شکل میتن کی بنی ہوئی ہے۔ اس میں ایک کیل کو لگائے۔ اور جو دوسری جگہ پر م کی شکل ہے اس میں ایک کیل لگائے۔ اور جو تیسری شکل مین کی ہے۔ اسمیں ایک کیل لگائے۔ اگر درد بند نہ ہو۔ تو ایک کیل اور منگا کر جو تیسری شکل ہ کی ہے اور کیل لگائے۔ دیہ یہ یاد ہے۔ جو کہ عا لکھا ہوا ہے۔ اس میں کیل نہ لگائے۔ اگر لگائے گا۔ تو عمر بھر درد بند نہ ہوگا۔ اور سبز درخت میں لگائے۔ اور تعویذ یہ ہے۔ لعلا ا عا لعلا

برائے حب مجرب و آزمودہ ہے

اول طریق عمل۔ ۔ اس کا یہ ہے۔ کہ پہلے ایک لوٹا پانی کا بھر کر اپنے سامنے رکھے باوضو طہارت اور بدن پاک رکھے۔ ہر روز نہانے کا کچھ مضائقہ نہیں۔ اور اسم کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کرے۔ اور پانی کو رکھ دے۔ اور دوسرے روز اس پانی کے ساتھ وضو کرے اور وضو کرکے پڑھنا شروع کرے۔ اور گیارہ یوم تک پڑھے۔ تین چلہ کرے۔ پہلے چلہ میں یہ پڑھے۔ لا الہ وکیلا۔ الا اللہ وسیلہ۔ محمد رسول اللہ میکائیلا۔ اور دوسرے میں یہ پڑھے۔ لا الہ زیر کر۔ الا اللہ زبر کر۔ محمد رسول اللہ فلاں شخص کو حاضر کر۔ فلاں کی جگہ اپنے معشوق کا نام لیوے۔ وہ تیسرا چہلہ یہ ہے۔ لا الہ لیاوے۔ الا اللہ ملاوے۔ محمد رسول اللہ فلاں شخص کو حاضر کراوے۔ اور ایک روز ایک چہلہ میں چھوڑ کر تب دوسرا شروع کرے۔ اور سات بار میں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ اور ترک حیوانات کامل طور پر کرے۔

برائے خانہ ویرانی دشمن و ہلاکی دشمن

اول گیارہ بار الٹی بسم اللہ پڑھے۔ واسطے دفع ہونے دشمن کے اور اگر ویرانی دشمن کی چاہے۔ تو اکتالیس کنکروں پر دم کرے اور ویرانی جنگل میں کنکروں کو پھینک دیوے۔ اور ہلاکی دشمن کے لئے گیارہ بار گیارہ روز تک شور زمین پر کھڑا ہو کر منہ بجانب دشمن کے کرے۔ اور جس راستہ دشمن کا ہمیشہ گذر ہوتا ہے۔ وہاں کی مٹی یعنی خاک لیکر اپنے کف دست پر رکھ کر پڑھے۔ اور گیارہ مرتبہ پڑھکر اس

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مٹی پہ پھونک ایسے زور سے مارے۔ کہ مٹی اپنے ہاتھ سے اڑ جائے اور خانہ دشمن کیطرف مٹی کو اڑا دیوے۔ گیارہ یوم تک کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دشمن کی بنا کی بادبانی ہوگی۔ اور اٹھی بسم اللہ بے میحر نما جراعلاً امسب + اور آگے اب بیان فصل چہارم کا۔ اور اس میں علم کا منتر وغیرہ

اول حُب کے بیان میں۔

طریقہ حُب یہ ہے۔ پہلے جب عمل کرنا چاہے تو اول۔ نمیک ع جو سیاہ مرچوں میں ہوا کرتی ہیں وہ لاوے اور مرچیں اپنے پاس رکھے اور اس منتر کو پڑھنا شروع کرے۔ اور اکیس یوم تک پڑھے۔ اور پانصد بار ہر روز پڑھے۔ اور ایک سو بار جب پڑھ چکے تب ایک مرچ پر پھونک دے۔ یہاں تک کہ پانچ بار ایسا ہی کرے۔ اور ان مرچوں کو ایک ایک کر کے آگ میں ڈالتا جائے۔ جب پڑھنے لگے اپنا منہ طرف خانہ محبوب کرے۔ حتیٰ کہ اکیس یوم تک ایسا ہی کرے اور منتر یہ ہے :۔ بھبوت پتا۔ بھبوت ماتا۔ بھبوت بیری بیٹا۔ اڑی کالی ناگنی اڑ جا کس لاؤ۔ کس لاؤ فلاں شخص کو تا ت کھڑے سکھ نہ بیٹھے آرام۔ جب لگ نہ دیکھے ہمارا مکھ تب کر دو دانی شرم حق دیو۔ اور جس جگہ فلاں لکھا ہوا ہے اس جگہ اپنے معشوق کا نام لیوے +

صوفی خالد قادری

برائے حُب۔ پہلے اس منتر کو پڑھے۔ ہو ہو باں والا ہو باں سدکا کا موئی بندے خلافی بدھی حاضر کرو بحق سلیمان یا بدوح یا بدوح ہر روز تین صد تین بار پڑھے۔ اکیس یوم تک پڑھے۔ اور اول یہ الفاظ پڑھ کر اپنے گرد حصار کھینچ لیوے۔ اور حصار کے واسطے اسم پڑھے۔ آیت الکرسی مت کل کرسی دین ایمان جس محمد سیویاں ثابت دین ایمان کرسی ہزاری چڑھی پیر پیغمبر کی سواری باراں کوہ آگے باراں کوہ پچھاڑی پھرے چونکیوں میں خبرداری اور اپنے سامنے کچھ آگ اندھیری رکھے۔ پرہیز گوشت وغیرہ بدبودار چیز کی کرے اور جس جگہ نام فلاں لکھا ہوا ہے۔ اس جگہ اپنے مطلوب کا نام لیوے اور مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ **برائے منتر** جس کو سانپ نے کاٹا ہو اس کیلئے اور سانپ حاضر ہو کر زہر چوس لیویگا۔ اور منتر یہ ہے۔ نو کگارا نامن چترا ناچو مکی بہنے نام گگے دی دھانگا بجے اتے ڈولی بہے اٹھو ڈکھیا کر کھیا ڈکھیا پر سوار جہنیاں مہینیاں دامن مران اوہ بھی رب جوایا دی جہل مکے لیکر زری بہیا لیکر ڈھٹی پایئل گیرا پہلا دونوں گڈ جوبی مویا۔ بلدا انگوٹی ایرنوں بلانا میرنوں بلانا سنگ چوڑ ناگ نوں بلانا تلنوناگ ناگنیاں گگے دی

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

آس ایشر کی ماہ دے باجیا پھرے کم سوجو اللہ محمد کرے۔ یا اللہ یا محمد یا نبی یا رسول اس منتر کو ایک سو اکتالیس بار اکیس روز تک پڑھے۔ ناغہ نہ کرے۔ اور پھر جس کو سانپ نے کاٹا ہو اس پر دم کرے۔ اور سانپ حاضر ہو جائے گا +

آگ بند کرنے کی منتر۔ جلتی بنوں۔ بلتی بنوں بنوں اگون سوائے چار کوٹ کی بسنتر بنوں ہنومان کی دوہائی ہنومان لئے گنڈا داہا دے اگن گھر پانی آوے۔ اینہاں جوگن کلکاں باہنہ گئی اسگاہ یور بسنتر پوچھنے اگن ہو پانی جاوہ۔ چھلا اس کا اس طرح پر کرے۔ اول اس منتر کو اکیس یوم تک بلاناغہ پڑھے۔ اور ہر روز پانچسو بار پڑھے۔ اور بوقت تین بجے رات کے پڑھا کرے۔ جب چھلا پورا ہو جاوے۔ تو جس وقت جی چاہے اس وقت سات دانے ماش کے لیکر سات مرتبہ منتر ہر ایک دانے پر سات سات بار دم کرے۔ جس آگ جلتی میں ان کے دانے پھینکے گا۔ آگ جلتی رہے گی اور سینک کسی چیز کو نہ پہنچے گا۔ خواہ کسی بھٹی یا چولھا۔ یعنی آوا ہو سب کی آگ بند ہو جاوے گی۔ اجازت عام ہے۔ اور اب فصل پنجشم کا بیان جسمیں شجرہ سید میراں رفاو شجرہ جدی سید نور الدین صاحب اور مناقب تصنیف مصنف +

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مناقب حضرت مولا مشکلکشا کے بیان میں

یا مولے امرتضٰے اعلیٰ مشکلکشا سنائیں

هم نام حق وسیع تو ہی مصطفٰے اسنائیں
اور حق کار خانہ کا فرماں روا اسنائیں
اے یاد خلق بانئے ارض وسما ہو تم
روز ازل کے صاحب تاج اولیا ہو تم
حاکم سنا حکیم سنا مقتدا اسنائیں
کشتی چڑھکے نوح کو طوفان سے بچا دیا

حاجت روا خلق قال انتہا اسنائیں
ہادی سنا اور امام سنا پیشوا اسنائیں
استاد جبرائیل کے ہیں برملا ہو تم
خیر البشر کے مددسے دارو شفا ہو تم
ملتے دکھا کوہ طور پر موسٰے سے بچا دیا
نیر دکہ رود نیل کی آفت سے بچا دیا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نورِ خدا وقامش ہیں نور و نبی سنائیں — جب ہوئے شاہسوارِ مشرق مغرب تمہارا نام
جن و بشر کو تیرے نام سے ہے کام — تسبیح ہے تیرے نام کی پڑھتا ہوں یا امام
کس آگے جا پکاروں ہوکے تیرا ہی غلام — کانِ حیا سنائیں تمہیں بحرِ سخا سنائیں
خیبر کو ایک حملہ دو زیر و زبر کیا! — مرحب کو ایک ہاتھ سے دو ٹکڑے کر دیا
دروازہ اُس کا کھو لکر ایک ہاتھ پر لیا — خندق سے فوج کود ہے تس پر گذر گیا
وہ نادِ علی سنا ہے اللہ فتحا سنا ہے — بیرو الم قید کئے دلے قتلام
اِک ضربِ ذو الفقار سے ... کر نے تمام — جب فجر ظہر قضا ہوئی وقت ہوا شام
سورج کو کھینچکر ادا کیا ... و احترام — توں بدر الدجیٰ سنائیں
تو شمس الضحیٰ سنائیں — جب کھینچ ذو الفقار دلدل لے
دھر کے قدم ہاتھ پر اُٹھا کر کرے بیعت — پیر محمد شاہ بخاری عرش تا فرش زمین مرحبا سنائیں

یا مولےٰ مرتضےٰ علی تو ہیں مشکلکشا سنائیں

تمام شد مناقب

شجرہ میراں سید فابذا شجرہ خاندان قادری گروہ احمدی خانوادہ حسنیہ بہ

عصر سید سلطان احمد کبیر!

اِنَّا ھٰذِہِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

عنایت شاہ نعیبر کس کے دیکھنے والے	اللہ کل کلمہ کے دیکھنے والے	مردان علیشاہ سید بخاری کے دیکھنے والے
اللہ کل کلمہ کے دیکھنے والے	حُب علی شاہ کے دیکھنے والے	اللہ کل کلمہ کے دیکھنے والے
فدا علی شاہ کے دیکھنے والے	اللہ کل کلمہ کے دیکھنے والے	سید نور الدین ہاشم فیض اللہ کے دیکھنے والے
اللہ کل کلمہ کے دیکھنے والے	سید محی الدین رفاعی کے دیکھنے والے	شاہ سید یوسف سید اللہ رفاعی
	شاہ سید محبوب اللہ رفاعی	

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

شاہ سید محمد مدنی بحر اللہ رفائی ۔ شاہ سید عبد الرحیم محب اللہ رفائی ۔ شاہ ابراہیم رقیب الدین رقیب اللہ رفائی ۔ شاہ سید محمد امین رفائی ۔ شاہ سید دین حسینی قادری ۔ شاہ سید ابو عباس حسینی قادری ۔ شاہ سید صالح عطاء اللہ رفائی ۔ شاہ سید تاج الدین مصری قادری ۔ شاہ سید برہان الدین مصری قادری ۔ شاہ سید ہارون مصری قادری ۔ سید یحییٰ مکی کمینی قادری ۔ سید احمد بن علوان یمنی ۔ سید احمد کبیر معشوق اللہ رفائی ۔ سید علاؤ الدین رفائی کے دیکھنے والا ۔ شیخ علاؤ الدین شیخ ابو محمد فیض آمین رفائی ۔ جن کو ابو الفضل محمد کارخ بھی کہتے ہیں دیکھنے والے شیخ فیض امین رفاعی ۔ شیخ ابو الحسن منکاری کے شیخ ابو الحسن رفاعی ابو علی عوام بن ترکان رفاعی کے ۔ ابو علی عوام شیخ ابو الباز باری رفاعی کے شیخ ابو الباز باری خواجہ مونسین عجمی کے ۔ خواجہ مونسین عجمی شیخ عبد اللہ شبلی کے شیخ عبد اللہ شبلی خواجہ قاسم جنید بغدادی کے خواجہ قاسم جنید بغدادی سری سقطی کے شیخ سری سقطی خواجہ معروف کرخی کے خواجہ معروف کرخی خواجہ داؤد طائی کے ۔ خواجہ داؤد طائی خواجہ حبیب عجمی کے ۔ خواجہ حبیب عجمی خواجہ حسن بصری کے ۔ خواجہ حسن بصری پیر مرتضٰے بن ابی طالب نبی رسول اللہ کے نبی رسول اللہ تخت رب العلمین کے دیکھنے والے **شجرہ جدی** ۔ سید نور الدین ہاشم فیض اللہ رفاعی ۔ بن سید احمد اللہ رفاعی ۔ بن سید محبوب اللہ رفاعی اولاد سید احمد کبیر لقب مشاہدی امام موسےٰ کاظمؑ بن امام جعفر صادقؑ بن امام محمد باقرؑ بن امام زین العابدینؑ بن امام حسین علیہ السلام بن امام حضرت علیؑ مرتضٰے بن ابی طالبؑ بن مطلبؑ بن ہاشمؑ بن عبد منافؑ

فصل ششم اس میں ادویات کشتہ جات کا بیان ہے

اوّل یہ سمجھنا چاہیئے ۔ کہ ہر ایک لوگ یہ کہتے ہیں کہ کشتہ وغیرہ ہر ایک نے لکھدیا ہے ۔ اور ٹھیک نہیں اترتا ۔ اب ہم نے تحریر اپنی آزمودہ کیا ہے ۔ جو صاحب ان کو عمل میں لائے ۔ اور پھر کہے ۔ کہ یہ ٹھیک ہے یا نہیں ۔ ۱ اوّل کشتہ ہڑتال ✦

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کشتہ ہڑتال

ہڑتال ورقیہ ۴ تولے لے کر اکیس یوم تک شیر مدار میں بھگو دیوے۔ اور جب اکیس یوم کامل گذر جاویں۔ تو پھر ایک خام خشت کو لے کر اس میں کھود کر معہ ہڑتال شیر مدار کو رکھ دیوے۔ اور ایک خشت اوپر رکھ دیوے۔ اور آگ اُپلوں کی دیوے۔ ۲۵ ثار اُپلے ہوں+

کشتہ شنگرف

شنگرف ۲ تولہ گوشت پاؤ بھر میں ملا کر اوپر سے سی کر روغن زرد میں بریاں کرے۔ جتنی کہ بدیں طور بکری کا گوشت ختم ہو جائے۔ پھر اکتالیس عدد تیتر میں خوب بریاں کرے۔ اور تیتر انت اوجھ نکال کر ان تیتروں کے پیٹ میں شنگرف بھر کر روغن زرد میں بریاں کرے پھر شنگرف کو نکال کر کھرل کرے۔ اور خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ گاؤ کے۔ برائے قوت باہ مجرب ہے فیل داماں کو پچھاڑے اور شیر غراں کو مارے+

صوفی خالد قادری

کشتہ ابرک

ابرک سیاہ تین چھٹانک۔ شورہ قلمی ایک چھٹانک ہر دو ادویہ لولنوار گندل کے گودہ میں کھرل کریں۔ بعدہٗ یہ ٹکی آب نار سیدہ یعنی ڈوڈی پنجابی میں ڈال کر اوپر سے گلحکمت کریں۔ اور بجھ تار بنجتہ اُپلوں کی آگ دیویں۔ تیار ہو جائے گا۔ نیم ماشہ خوراک۔ ہر ایک بخار کے واسطے مفید ہے+

کشتہ سنگ جراح

ایک چھٹانک سنگ جراح لے کر اور کچھ برگ نارنجی۔ سنگ جراح بیچ میں ان پتوں کے دے کر ایک ...... ہانڈی میں رکھ دیوے اور منہ اس کا گلحکمت کرنے۔ اور ۲۰ سیر اُپلوں کی آگ دیوے۔ جب کشتہ تیار ہو ایک رتی کھاوے+

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

روغن مجلوق

ایک جونک جو کہ پانی میں ہوتی ہے۔ ایک عدد لیکر خصیہ گدھے کے اُوپر لگائے۔ جب خون پیکر موٹی ہو جاوے تب اُس کو نکال سایہ میں خشک کرے اور سلہینے کی چربی لیکر اور کچھ بیر بہوٹی جو ساون (برسات) میں ہوتی ہیں اور کنیر سفید کی جڑھ ہر ایک ۵ ماشہ لیوے۔ سبکو کوٹ کر کے چربی میں ملا کر ایک عدد آتشی شیشی لیکر اس میں ڈالکر ٹپکا دیں۔ جبتک سُرخی آوے تب تک آنے دلوے اور جب سیاہ آنے لگے سُرخی کو جُدا کرے۔ سیاہ کیواسطے اور شیشی رکھے۔ اور سُرخ میں سے چاول کے برابر لیکر ملیں بہت قوت ہوگی +

کُشتہ فلوس یعنی پیسہ

کرو ٹن پل ۴ تولہ چھپکلی خانگی ۴ عدد۔ اِن کو خوب باریک کر کے بذریعہ پتال جنتر کے روغن نکالے۔ اور فلوس کو اس روغن سے چرب کرکے کُولہ کی آگ دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ کشتہ عمدہ ہوگا۔ خوراک ایک تنکہ ½ رتی کا ہوتا ہے۔ ہمراہ مسکہ۔ قوت باہ کیلئے نہایت مفید ہے +

ترکیب پتال جنتر

اوّل ۲ عدد آتشی شیشی کو لیوے۔ اور ایک میں ادویہ ڈالکر اُس کے مُنہ میں کچھ بال دلوے۔ تا کہ ادویہ نہ گر پڑیں۔ اور پھر دوسری شیشی کا مُنہ اس ادویہ والی شیشی کا مُنہ خوب ترکیب کے ساتھ دونوں کا منہ جوڑے اور اُوپر اُن کے کپڑے پیٹے۔ اور جو خالی شیشی ہو۔ اُس کو زمین پر اور ریت میں گاڑ کر کے اور جو ادویہ والی شیشی ہے۔ اس شیشی کو زمین کے اُوپر رکھے۔ اور دونوں کے مُنہ کے اُوپر گلحکمت کرے۔ اور آگ سیر بھر کوئلہ کی دلوے۔ اور جو ادویہ والی شیشی ہے اُسکو بھی گلحکمت کرے اور روغن بہت عمدہ نکلے گا +

کُشتہ نقرہ یعنی رُوپیہ

گل حب سلاطین ۴ تولہ۔ اور ایک روپیہ اور گل ندکور کو خوب باریک کر کے یعنی ٹکڑے بنا کر نیچ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

میں روپیہ رکھ دیوے۔ اور ایک عدد اُپلا لے کر زمین میں کھود کر نگندہ مذکورہ اس میں کھ دیوے اور ایک عدد اُپلا اور لے کر اُوپر رکھ دیوے۔ اور اپنے ہاتھ سے بنا کر رکھے۔ اور وزن اوپلوں کا دو سیر ہو۔ اور بعد آگ لگا دیں۔ اور روپیہ کشتہ ہوگا۔ اور قوت باہ و جھولا گنٹھیا کو مفید ہے خوراک ½ رتی ہمراہ مسکہ کے کھلاوے۔ نہائت مجرب ہے ✤

کُشتہ شنگرف رُومی

شنگرف رومی ایک تولہ کو ۲ سیر شیر مدار میں لٹکا کر نیچے آگ کرے۔ جب خوب خشک شیر مدار ہو جاوے اور بعدہٗ شنگرف کو نکال کر روغن زرد میں بریاں کرے اور کھرل کر کے خوراک یک تنکہ ساتھ مسکہ کے کھلاوے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بہت مفید ہے ✤

سبب تالیف کتاب

ایک دن ہم اپنے اہل رفیقوں کے ساتھ باغ کی سیر کر رہے تھے اور رفیقوں نے مجھ کو کہا کہ آپ علم حُب و علم جفر و علم مسمریزم وغیرہ میں خوب ماہر ہو۔ اور زمانہ حال میں یکتا ہو اور ہمنشین ہمارا بہت رفیق دوست شفیق مولانا خلیفہ عزیز اللہ ولد خلیفہ شاہ محمد قوم بھٹی راجپوت ساکن ٹھٹہ چھینہ حال شاہ کوٹ چک نمبر ۸۴ والا نے بڑی دلجوئی سے مجھ کو کہا۔ کہ آپ بڑے زمانہ حال میں یکتا ہو۔ برائے مہربانی کچھ بزرگان دین کے ختموں کا طریقہ اور علم مسمریزم کا حال بیان ارشاد فرمائیں۔ آیا کہ جو ان ختمات سے بے بہرہ ہیں۔ بہرہ مند ہو جاویں۔ فائدہ کی جگہ نقصان اُٹھاتے ہیں۔ اور عام کے واسطے فائدہ ہو۔ اس نے یہ بھی کہا۔ کہ علم مسمریزم کے بہت لوگ طلبگار رہیں۔ اس واسطے ہم نے ختم کا کچھ قدرے حال اور علم مسمریزم کا حال قلمبند کیا ہے۔ اور دُوسرا رفیق دلبند برخوردار کریم بخش ولد میاں اللہ ودھایا قصاب گوجرانوالیہ نے سوال کیا۔ کہ جناب مہربانی کر کے علم حُب اور تعویذات وغیرہ سے خوب واقف ہیں۔ اور اُس نے شکایت کی کہ اس بارہ میں بیان کھولیں۔ میں بہت سی کتابیں

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

تعویذات وغیرہ کی چشم دید کی ہیں۔ اور کچھ فائدہ نہ نکلا۔ اور آپ جناب کے جو آزمودہ کیے ہوئے تعویذ ہیں۔ اُن کی ایک کتاب جاری کرد۔ کیونکہ عام لوگوں کو فائدہ حاصل ہو۔ دیگر جو ہمارا دوست قلبی جھنڈا نمبردار ساکن چاہڑ ضلع جالندھر حال شاہ کوٹ چک نمبر ۸۸ والا نے فہمائش کی۔ کہ یا حضرت علم کالا کی ایک کتاب تیار کرو۔ کیونکہ اہلِ ہنوددں نے بہت سی کتابیں بنائی ہوئی ہیں۔ اس میں صرف اہلِ ہنود کو فائدہ پہونچتا ہے۔ اور آپ بھی اس قسم کی کتاب تصنیف کریں۔ کہ ہر ایک کو فائدہ ہو۔ اور میرے دل میں یہ خیال آیا۔ کہ اس کو واضح کرنا مناسب نہ سمجھا لیکن رفیق کے کہنے کے سبب کچھ تھوڑے علم کا بیان اس کتاب میں قلمبند کیا ہے۔ اور چھوٹا رفیق مسمی جھنڈا نقیر قوم سراج رہنے والا امرتسر کا حال شاہ کوٹ والا نے کہا۔ کہ مہربانی کرکے شجرہ میراں ستیہ شاہ و شجرہ جدی سید نورالدین کا کچھ بیان فرمائیں۔ اور اس کی فہمائش سے یہ شجرہ جدی سید نورالدین کا کچھ حال قلمبند کیا۔ اس کتاب کا مصنف پیر محمد شاہ ولد امیر شاہ ولد پیر زمان شاہ اولاد بابا برہان الدین سید بخاری ساکن اوچ سید جلال شاہ کوٹ آبادی جدید

تمت تمام شد۔ کارِ من نظام شد

بقلم بندہ فقیر پر تقصیر مولانا خلیفہ عزیز اللہ ولد خلیفہ شاہ محمد ساکن بھٹہ جبینہ حال وارد شاہ کوٹ چک ع ۸۴

جب تک کتاب پاس رہے فائدہ ہو۔ دُعائے خیر سے یاد فرماویں